12373 ـ وہ اسلام کے بہت زیادہ قریب ہے

سوال

میں ھندو ہوں اورمیرے اندر اسلام کی طرف میلان پیدا ہوچکا ہے ، آپ کی ویب سائٹ کے صفحات میرے جیسے کئ ملین نوجوانوں کے لیے اللہ کی طرف سے رحمت ہیں ، میں عنقریب اسلام قبول کرنے کا اعلان کرنے والا ہوں ، میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ میرے قبول اسلام کی دعا کریں ، اورمیں امیدرکھتا ہوں کہ (اللہ تعالی کی توفیق سے) آپ اپنے اچھے کام جاری رکھیں جوآپ جیسے لوگوں کوہی زیب دیتے ہیں ۔

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم اس تعریف کرنے پرآپ کےمشکور اورآپ کواقرار اسلام پرمبارکباد دیتے ہیں ، اورہم یقینی اورعملی طورپر آپ کے اللہ تعالی سے دعا گو ہیں کہ وہ آپ کودیرسے نہیں بلکہ جتنی جلدی ہوسکے اسلام قبول کرنے کوتوفیق سے نوازے ، توہم دعا کرتے ہوئے یہ کہتے ہیں :

اے اللہ اپنے اس بندے کوصراط مستقیم کی جلدازجلد ھدایت نصیب فرما ، اوراس کے مقدرمیں جتنی جلدی ہوسکے دین اسلام قبول کرنے کی ھدایت لکھ دے ،اے اللہ یقینا تودعاسننے اورقبو ل کرنے والا ہے ۔ آمین یا رب العالمین ۔

اے عقل منداورپختہ اورذہین وفطین ذہین کے مالک اب آپ پرصرف ایک عملی قدم اٹھانا باقی ہے آپ یہ قدم جلدازجلد اٹھائیں اوردنیاوآخرت میں سعادت مندی حاصل کریں ، اللہ تعالی جس کے مقدرمیں ھدایت لکھ دے تواس کے لیے سب مشکلات کوآسانی میں بدل دیتا ہے ۔

آپ اپنے پروردگار اوررب کی بات مانتے ہوئے کلمہ پڑھیں اوراسلامی عبادات بجا لائیں ، اور یہ یادرکھیں کہ مزید انتظار رکرنے میں کوئ بھی کسی قسم کی مصلحت اورفائدہ نہیں اس لیے کہ آپ کے علم میں نہیں کہ موت نے کب اورکہاں آدبوچنا ہے ۔

اورشائد آپ کواس کا بھی ادراک ہوکہ آپ جواجرو ثواب ابھی اسلام قبول کرکے حاصل کرسکتے ہیں اس میں دیر کرنے وہ اجروثواب جاتا رہے گا اوراس میں کمی واقع ہوتی جائے گی ، کیونکہ اس انتظاراسلام قبول کرنے میں دیرکرنے میں آپ کی کتنی نمازیں ، روزے ، اللہ تعالی کا ذکر ، صلیہ رحمی ، تلاوت قرآن مجید ، اوراسی طرح دوسرے

نیکی کے کام فوت ہوجائیں گے جن کا دوبارہ ہاتھ لگنا محال اورناممکن ہے ۔

اٹھیں اورتردد کا شکار نہ ہوں اورپختہ عزم کریں اورانتظارکی کوشش نہ کریں ، آپ کواپنے دین کے بدلنے اورعزیزو اقربا ورشتہ داروں کی باتیں اورانکارکی وجہ سے اسلام قبول کرنے میں پس پیش سے کام نہیں لینا چاہیئے اوریہ آپ کے آڑے نہیں آنی چاہییں ۔

اس لیے کہ جوبھی حق کوجان لیتا اور اس پرچل پڑتا ہے وہ اس کے راستے میں پھر قربانیاں بھی دیتا اورتکلیفوں پرصبر بھی کرتا ہے ۔

ہماری دلی تمنا ہے کہ آپ کوحق قبول کرنے کی توفیق اور ھدایت اورسچائ نصیب ہو اورحق پرچلنے میں جوتکلیفیں آئیں ان پرآپ کوصبر کی توفیق حاصل ہو ، والسلام علی من اتبع الھدی ، سلامتی تواسے ہی ملتی ہے جوحق اورھدایت کی پیروی اوراتباع رکتا ہے ۔

واللہ اعلم .